حمد

شکر کیسے کروں میرے ربُّ العُلیٰ
تو نے مشکل میں مجھ کو سہارا دیا

میری کشتی تھی برسوں سے منجدھار میں
تو نے اپنے کرم سے کنارا دیا

حُکم چلتا ہے تیرا ہر کام میں
دُکھ میں، تکلیف میں اور آرام میں

میں نے مانگی دُعا تجھ سے ہر دم
تو نے ہر غم سے مجھ کو بری کر

الفاظِ کُن سے ہوئی مجھ کو ایسی عَطا
بخشی تو نے اپنے کرم سے شفا

میں نے رحمٰن کہا تو مہربان ہوا
تیری رحمت نے لَا تَقْنَطُوا کر دیا

مجھ کو توفیق دے وہ تحمل میں کروں
جو عطا تو کرے اس پر راضی رہوں

کچھ گِلہ نہ کروں سب سے مل کر رہوں
میں نے انجام تیرے سُپرد کر دیا

مجھ سے عاجز کی تجھ سے ہے یہ التجا
میرا دم لب پہ جاری ہو کلمہ تیرا

صرف دیدار کر دینا مجھ کو عطا
پھر جو میری دُعا ہو وہ تیری رَضا

شکر کیسے کروں میرے ربُّ العُلیٰ
تو نے مُشکل میں مجھ کو سہارا دیا